سچ کا جادو | از علی بن عبدالحبیب صاحب حضرمی۔ تقطیع خورد ضخامت ۸۴ صفحات طباعت وکتابت بہتر قیمت ۸ر پتہ :- سب رس کتاب گھر خیریت آباد حیدر آباد دکن

یہ ایک تعلیمی اور اخلاقی سبق آموز ڈرامہ ہے جو مصنف نے اپنے اسکول میں اسٹیج پر کرنے کے لئے لکھا تھا۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ سعید ایک نہایت ہونہار اور علم کا شوقین لڑکا ہے وہ علم کے شوق میں مصر جاتا ہے۔ راستہ میں ڈاکوؤں کا ایک گروہ قافلہ پر حملہ کرتا ہے اور سعید گرفتار ہوکر اس گروہ کے سردار کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اس موقعہ پر سعید ذرا ہراساں اور خوف زدہ نہیں ہوتا اور سردار ڈاکو کے سامنے حق وصداقت سے لبریز ایک ایسی تقریر کرتا ہے کہ سردار مع اپنی تمام جماعت کے ڈاکہ زنی سے توبہ کرلیتا ہے اور نیک زندگی بسر کرنے لگتا ہے۔ ایک عرصے کے بعد جب سعید مصر سے اعلیٰ ڈگری لیکر وطن واپس آتا ہے تو اس کے استقبال کے لئے وطن میں جو جلسہ منعقد ہوتا ہے حسنِ اتفاق سے اس جلسہ کی صدارت وہی ڈاکو کرتا ہے جو اب مولوی عجب خان کے نام سے مشہور ہے اور اب اپنی صدارتی تقریر میں یہ سعید کو پیر ومرشد کے لقب سے یاد کرتا ہے اور ڈاکہ زنی سے اپنی توبہ کا پورا حال بیان کرتا ہے۔ درمیان میں علم وعمل وغیرہ کے متعلق بعض اور نہایت سبق آموز مکالمے بھی آ گئے ہیں۔ تمثیل بہرحال مفید اور دلچسپ ہے۔